# PRESTO

## PRESTO کیسے استعمال کریں

PRESTO الیکٹرانی طور پر ادائیگی کا ایک نظام ہے، جو گریٹر ٹورانٹو اینڈ ہیملٹن ایریا (GTHA) اور اوٹاوا میں سفری ایجنسیوں کی جانب سے استعمال کیا جاتا ہے۔ PRESTO سواریوں کے لیے کرایے کی ادائیگی کو آسان ترین بنانے کے لیے اسمارٹ کارڈ ٹیکنالوجی استعمال کرتا ہے۔

### 1۔ ایک کارڈ خریدیں

**PRESTOcard.ca** پر جا کر آن لائن یا برامپٹن ٹرانزٹ کے

درج ذیل ٹرمینلز یا سہولت گاہوں میں سے کسی ایک پر جا کر ایک PRESTO کارڈ خریدیں:

- **برامپٹن گیٹ وے ٹرمینل**
  501 مین اسٹریٹ ساؤتھ
  (501 Main Street South)
- **برامیلا ٹرمینل**
  160 سنٹرل پارک ڈرائیو
  (160 Central Park Drive)
- **کلارک فیسلٹی**
  185 کلارک بوئلوارد
  (185 Clark Boulevard)
- **ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینل**
  8 نیلسن اسٹریٹ ویسٹ
  (8 Nelson Street West)
- **سینڈل ووڈ فیسِلٹی**
  130 سینڈل ووڈ پارک وے ویسٹ
  (130 Sandalwood Parkway West)
- **ٹرینیٹی کامن ٹرمینل**
  164 گریٹ لیکس بوٗلوارد
  (164 Great Lakes Boulevard)

PRESTO کارڈز منتخب شدہ شاپرز ڈرگ مارٹ اسٹورز پر بھی دستیاب ہیں؛ جہاں آپ کارڈ خرید سکتے ہیں، فنڈز یا برامپٹن ٹرانزٹ کے ماہانہ یا ہفتہ وار پاس لوڈ کر سکتے ہیں اور کرایہ کی قِسم ترتیب دے سکتے ہیں۔ مقامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، برائے مہربانی **prestocard.ca/shoppersdrugmart** ملاحظہ کریں۔

خریداری پر اجراء کی $6 کی ایک ناقابل واپسی فیس ہے۔

### 2۔ اپنے کارڈ کو لوڈ کریں-

PRESTO کے ساتھ، آپ کے پاس اپنے کارڈ پر مختلف مصنوعات لوڈ کرنے کی آسانی ہو گی۔ PRESTO لوڈ کی دو اقسام ہیں:

- پیسے ڈالیں (کارڈ بیلنس): اپنے PRESTO کارڈ میں کم از کم $10 لوڈ کریں۔ آپ زیادہ سے زیادہ $1,000 کا بیلنس رکھ سکتے ہیں۔ جب آپ سواری کرتے ہیں، تو آپ کے سفر کا کرایہ آپ کے کارڈ پر محفوظ شدہ بیلنس میں سے کاٹ لیا جاتا ہے۔
- ایک ماہانہ/ہفتہ وار پاس ڈالیں: ایک ماہانہ یا ہفتہ وار پاس کے ساتھ، آپ پاس کے فعال رہنے تک لامحدود تعداد میں سفر کر سکتے ہیں۔

### 3۔ ایک My PRESTO Account بنائیں

اگر آپ My PRESTO Account بنانا چاہتے ہیں، تو برامپٹن ٹرانزٹ کے کسی ٹرمینل یا سہولت گاہ سے کارڈ خریدنے کے بعد 24 گھنٹے انتظار کریں۔

- **PRESTOcard.ca** پر جا کر اپنا My PRESTO Account آن لائن بنائیں۔
- اپنا My PRESTO Account بنانے کے 24 گھنٹے کے بعد، آپ کو اپنے My PRESTO Account کی تخلیق کو مکمل کرنے کے لیے تیس دن کے عرصے کے اندر اپنا کارڈ کسی فعال PRESTO والی ڈیوائس* پر ٹیپ کرنا چاہیے۔ 30 دن کے بعد، آپ کا My PRESTO Account منسوخ ہو جائے گا۔ اگر آپ کا My PRESTO Account منسوخ ہو جاتا ہے، تو اسے دوبارہ فعال کرنے کے لیے (1-877-378-6123) 1-8-PRESTO-123 پر کال کریں۔

*PRESTO کے لیے فعال شدہ ڈیوائسز میں شامل ہیں:

- برامپٹن ٹرانزٹ کے ٹرمینلز اور سہولت گاہوں پر بیلنس چیک کرنے کی سہولت
- برامیلا ٹرمینل، ڈاؤن ٹاؤن ٹرمینل اور ماؤنٹ پلیزنٹ گو اسٹیشن پر ٹکٹ وینڈنگ مشینیں
- برامپٹن ٹرانزٹ کی بسوں پر کرایہ کی ادائیگی کی ڈیوائسیں

اپنے My PRESTO Account کو فعال کرنے کے لیے صرف اس صورت میں کرایہ کی ادائیگی کی ڈیوائس استعمال کریں، اگر یہ آپ کے سفر کا حصہ ہو، کیونکہ یہ آپ کی جانب سے کارڈ ٹیپ کیے جانے پر کرایہ کاٹ لے گی۔ متبادل طور پر، اگر آپ سفر نہ کر رہے ہوں، تو آپ My PRESTO Account اکاؤنٹ فعال کرنے کے لیے بیلنس چیکر استعمال کر سکتے ہیں۔

نوٹ: اگر آپ ایک بالغ شخص ہیں اور My PRESTO Account نہیں بنانا چاہتے، تو آپ کا کارڈ اکاؤنٹ کے بغیر اصل حالت میں بالغوں کا کارڈ رہے گا (My PRESTO Account بنانے کے فوائد دیکھیں)۔

### 4۔ بارعایت کرایے ترتیب دینا

بچے، نوجوان اور بزرگ افراد – اگرچہ اس بات کی سفارش کی جاتی ہے کہ آپ ایک My PRESTO Account بنائیں، بغیر اکاؤنٹ والے کارڈز کو بچوں، نوجوانوں یا بزرگ افراد کے بارعایت کرائیوں پر ترتیب دیا جا سکتا ہے۔ بارعایت کرایے کو برامپٹن ٹرانزٹ کے کسی ٹرمینل یا سہولت گاہ سے خریداری کے وقت ذاتی طور پر ترتیب دیا جا سکتا ہے۔

*اگر کوئی بچہ PRESTO کارڈ استعمال کرتا ہے، تو بچے کی تیرہویں سالگرہ پر کارڈ پر کرایے کا زمرہ خودبخود بچے سے بالغ پر چلا جاتا ہے۔ 13 - 19 سال کی عمر کے درمیان گاہک نوجوانوں کے کرایے کے زمرے کے لیے اہل ہوتے ہیں؛ اسے نوجوانوں پر ترتیب دینے کے لیے برامپٹن ٹرانزٹ کے کسی ٹرمینل یا سہولت گاہ میں تشریف لائیں۔

# PRESTO

اضافی مسافروں کے لیے ادائیگی کرنے کے لیے اپنا **PRESTO** کارڈ استعمال کریں –کرایہ کی ادائیگی کی ڈیوائس پر اپنا PRESTO کارڈ ٹیپ کرنے کے بعد، آپریٹر کو بتائیں کہ آپ اضافی مسافروں کے لیے ادائیگی کرنا چاہیں گے۔ آپریٹر اضافی مسافروں کو درج کرے گا اور درخواست کرے گا کہ کرایہ کی کٹوتی کے لیے آپ اپنا کارڈ آپریٹر کی PRESTO ڈیوائس پر ٹیپ کریں۔

نوٹ: اضافی مسافروں کا کرایہ بالغ سواری کے برابر وصول کیا جائے گا۔

## My PRESTO Account بنانے کے فوائد

**اپنا My PRESTO Account بنا کر آپ:**

- اپنا کارڈ کھو یا چوری ہو جانے کی صورت میں، اپنا بیلنس بچا سکتے ہیں۔ آپ اپنے کارڈ کو منسوخ کر سکتے ہیں اور بیلنس کو تبدیلی والے کسی کارڈ پر منتقل کر سکتے ہیں۔
  - PRESTO کو کسی گمشدہ کارڈ کے بارے میں اطلاع دے سکتے ہیں اور اسے منسوخ کروا سکتے ہیں۔ گمشدگی کے بارے میں اطلاع دینے کے بعد، 24 گھنٹے کے اندر خرچ ہونے والی رقم کے ذمہ داری آپ پر عائد ہو گی۔- آپ کو لازمی طور پر ایک متبادل کارڈ خریدنا ہو گا اور کارڈ پر کم از کم $10 لوڈ کرنے ہوں گے۔ اپنے نئے کارڈ کے لیے My PRESTO Account نہ بنائیں۔ کارڈ کو منسوخ کرنے کے چوبیس گھنٹے اور اپنا نیا کارڈ حاصل کرنے کے بعد، اپنے پرانے کارڈ سے رقم کو منتقل کرنے کے لیے آن لائن جائیں یا PRESTO کال سنٹر کو 1-8-PRESTO-123 (1-877-378-6123) پر کال کریں۔
- اپنے کارڈ کو خودبخود دوبارہ لوڈ کرنے کے لیے آٹو لوڈ یا آٹورینیو کو سیٹ کریں۔
  - جب آپ کا بیلنس آپ کی جانب سے منتخب کردہ ڈالرز کی تعداد سے کم ہو جائے، تو آٹو لوڈ آپ کے بینک اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ کے ذریعے خودبخود آپ کے PRESTO کارڈ پر دوبارہ لوڈ کر دے گا۔
  - ڈالرز کی رقم کو $5 اور $60 کے درمیان ہونا چاہیے۔ کم از کم رقم، جو آپ آٹولوڈ کر سکتے ہیں، وہ $20 ہے، جو زیادہ سے زیادہ $980 ہو سکتی ہے۔

نوٹ: کم از کم اور زیادہ سے زیادہ تعداد PRESTO کی جانب سے بغیر اطلاع تبدیل کی جا سکتی ہے۔ آپ کا نیا بیلنس آپ کے کارڈ پر فورًا ظاہر ہو جائے گا۔

- اپنی رقم کی لین دین کی تاریخ کی نظر ثانی کریں۔
  - اپنے بیلنس پر نظر رکھیں اور اپنے استعمال کا ریکارڈ چیک کرتے رہیں۔
- ہنگامی سفر
  - ایسا گاہک، جس کے پاس کافی رقم موجود نہ ہو، وہ اجراء کے وقت سے دو گھنٹے تک کے تبادلے کے ساتھ ایک مرتبہ کارڈ استعمال کر کے سفر مکمل کرنے کا حق رکھتا ہے۔

کارڈ منفی بیلنس میں چلا جائے گا، جو اگلی مرتبہ کارڈ لوڈ کیے جانے پر خودبخود کاٹ لیا جائے گا۔ ری لوڈ کے وقت منفی بیلنس کو ختم کرنے کی فیس $0.25 ہے۔

اہم نوٹ: جب آپ ایک کارڈ کو منسوخ کر دیں، تو آپ تبدیلی کے لیے ایک PRESTO کارڈ کا آن لائن آرڈر کر سکتے ہیں یا ذاتی طور پر ایک نیا کارڈ $6 (کارڈ بیلنس کے طور پر شامل کیے جانے کے لیے کم از کم $10 ضروری ہے) میں خرید سکتے ہیں اور اپنے موجودہ کارڈ کے بیلنس کو نئے کارڈ میں منتقل کر سکتے ہیں۔

یہ بات اہم ہے کہ آپ اپنے نئے **PRESTO** کارڈ کے لیے ایک **My PRESTO Account** نہ بنائیں؛ یہ تبدیلی کے عمل کے ذریعے خود بخود ہو جائے گا۔

## PRESTO سے رابطہ کریں

فون: 1-8-PRESTO-123 (1-877-378-6122)

آن لائن: PRESTOcard.ca




YOURS. FOR LIFE.

bramptontransit.com